## ایم کیوایم کے تحت ’’یادگارشہدائے حق‘‘ کاافتتاح ہفتہ 19 جون کوہوگا

## الطاف حسین افتتاحی تقریب سے خطاب اوریادگارکاافتتاح کریں گے

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین 19 جون بروز ہفتہ کوجناح گراؤنڈعزیزآبادمیں اپنے بڑے بھائی ناصرحسین شہیداور بھتیجے عارف حسین شہیدسمیت متحدہ قومی موومنٹ کے پندرہ ہزارسے زائدشہیدکارکنان کی یادمیں تعمیر کی جانے والی ’’یادگارشہدائے حق‘‘ کاافتتاح کریں گے اوراس موقع پرمنعقدہ بڑے جنرل ورکرزاجلاس سے اہم ٹیلیفونک خطاب بھی کریں۔’’یادگارشہدائے حق‘‘ کی افتتاحی تقریب میں حق پرست شہداء کے لواحقین،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،سینیٹرز،مشیران،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان،ایم کیوایم کے مختلف سیکٹروں کے ذمہ داران وکارکنان شرکت کریں گے۔دریں اثناءایم کیوایم کے جناح گراؤنڈ عزیزآبادمیں یادگارشہدائے حق کے افتتاح اورجنرل ورکرزاجلاس سے قائدتحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان شب وروزتیاریوں میں مصروف ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا’’یادگارشہدائے حق‘‘اورجناح گراؤنڈعزیزآبادکادورہ

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جمعرات کی شام تاریخی جناح گراؤنڈعزیزآبادمیں تعمیر کی جانے والی’’یارگارشہدائے حق‘‘ کادورہ کیااور19 جون بروز ہفتہ کوجناح گراؤنڈعزیزآبادمیں منعقدہ جنرل ورکرزاجلاس کی تیاریوں کاجائزہ لیکران پراطمینان کااظہارکیااورانہوں نے تیاریوں میں مصروف کارکنان کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے بہت بہت شاباش اورخراج تحسین پیش بھی کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کے مختلف ونگزوشعبہ جات کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔واضح رہے کہ یادگارشہداءحق کاافتتاح 19 جون 2010ءبروز ہفتے کوکیاجائے گااوراس سلسلے میں جناح گراؤنڈعزیزآبادمیں جنرل ورکرزاجلاس بھی منعقدکیاجائے گاجس سے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین لندن سےاہم اورفکرانگیز ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## شہریوں کولوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پراقدامات کئے جائیں،رابطہ کمیٹی

## بجلی کی عدم فراہمی نےشہریوں کوذہنی پریشانی میں مبتلاکیاہواہے

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہےاوراسے کےای ایس سی کی ہٹ دھرمی،نااہلی وناکامی قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ بجلی کی کئی کئی گھنٹوں عدم فراہم نے شہریوں کوذہنی پریشانی میں مبتلاکردیاہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کےای ایس سی انتظامیہ کی جانب سےشہرمیں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کوشدیدمشکلات وپریشانیوں کاسامناہےاوروہ احتجاج پرمجبورہورہے ہیں جبکہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی شدیدمتاثرہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ ایک جانب بجلی کے نرخوں میں ہرماہ اضافہ کیاجارہاہےاورشہریوں کواضافی بلنگ کی جاری ہے جبکہ دوسری جانب سے شہری بجلی سے محروم ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ شہرمیں بجلی کی عدم فراہمی نے کراچی کے شہریوں کوذہنی اذیت میں مبتلاکردیاہےجبکہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ مسلسل ہٹ دھرمی کامظاہرہ کررہی ہےاوربجلی کی پیداواربڑھاکرلوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے بجائے الٹالوڈشیڈنگ میں اضافہ کررہی ہےجس سےشہریوں میں شدیدغم وغصہ پایاجارہاہے۔رابطہ کمیٹی نے بجلی کے نرخوں میں حالیہ مزیدہوش باءاضافے کے بعدکراچی کےشہری مہنگی ترین بجلی استعمال کرنے پرمجبورہیں جبکہ تمام معاشی پریشانیوں اورتنگ دستی کے باوجودکراچی کےشہری بجلی کے بل ہرماہ باقاعدگی سے جمع کرواتے ہیں اس کے باوجودانہیں ضرورت کے مطابق بجلی فراہم نہیں کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ شہراورملک میں معاشی استحکام کے بغیرترقی کاپہیہ نہیں چل سکتاہےاوراگرای ایس سی کی انتظامیہ کی جانب سے یہ سلسلہ جاری رہاتوصنعتی وتجارتی مراکز سےتعلق رکھنے والے تاجر برادری سراپا احتجاج ہونگے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سے مطالبہ کیاہے کہ وہ کراچی میں کےای ایس سی کی جانب سے غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کانوٹس لیں اورشہریوں کو ذہنی پریشانی نجات سے دلانے اوربجلی کی فراہمی کویقینی بنانے کیلئے کےای ایس سی کوپابندکیاجائے۔

## الطاف حسین نے جس طرح تمام مسالک و مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایک دوسرے کے قریب کیا ہے
## اسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا، علماء کرام
## قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ بھائی چارگی، اخوت و محبت کا درس دیا ہے، رؤف صدیقی
## حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی کی مفتی منیب الرحمٰن اور معروف شیعہ عالم دین طالب جوہری سے ملاقات

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں وزارت صنعت وتجارت کے حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد و دیگر اراکین کے ہمراہ سنی رہبر کونسل کے چیئرمین مفتی منیب الرحمٰن اور معروف شیعہ عالم دین طالب جوہری سے ان کی رہائشگاہوں پر ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی پیغام پہنچایا اوران سے شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو جاری رکھنے اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے تعاون کی اپیل کی۔عبدالرؤف صدیقی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ بھائی چارے ،اخوت ومحبت کا درس دیا ہے اور ماضی میں قائد تحریک الطاف حسین کی کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف شہر بلکہ صوبے سے فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہوسکا۔انہوں نے کہا کہ آج ایک مرتبہ پھر کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی آگ بھڑکانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے اہم اور کڑے وقت میں جبکہ پاکستان میں خطرات منڈلا رہے ہیں لہٰذا علماء کرام کو ایک مرتبہ پھر قیام امن کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے اور اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے خطبات میں اتحاد ومحبت کا درس دینا چاہئے۔اس موقع پر مفتی منیب الرحمٰن اور طالب جوہری نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے جناب الطاف حسین کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے جس طرح تمام مسالک ومذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایک دوسرے کے قریب کیا ہے اسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## قمبر شہداد کوٹ زون سٹی یونٹ کے انچارج گلزار احمد مغیری کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا
## گلزار احمد مغیری حسب معمول اپنی زمینوں پر جانے کیلئے گھر سے نکلے تھے کہ پہلے سے گھات لگائے نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کردی
## دو گولیاں گلزار احمد مغیری کے سر اور کمر میں لگی جس سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے
## گلزار احمد مغیری کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## گلزار احمد مغیری کا قتل صوبے کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، نوٹس لیا جائے رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ قمبر شہداد کوٹ زون سٹی یونٹ کے انچارج گلزار احمد مغیری کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا ہے،گلزار احمد مغیری کو دو گولیاں لگی اور وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زونل کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون قمبر سٹی یونٹ کے انچارج گلزار احمد مغیری جمعرات کی صبح نو بجے حسب معمول اپنی زمینوں پر جانے کیلئے گھر سے روانہ ہوئے تھے کہ راستے میں سبزی منڈی کی عقبی سڑک پر پہلے سے گھات لگائے نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کردی، دو گولیاں گلزار احمد مغیری کے سر اور کمر میں لگی جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔واقع کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زونل کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔قمبر شہداد کوٹ میں ایم کیوایم کے یونٹ انچارج کے قتل کے سوگ میں عوام نے احتجاج اپنا کاروبار بند کردیا اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔گلزار احمد مغیری 2008ء کے جنرل الیکشن میں ایم کیوایم کی جانب سے حلقہ این اے 206 سے قومی اسمبلی کے حق پرست امیدوار نامزد تھے جس کے باعث انہیں علاقے بااثر افراد کی جانب سے متعدد بار سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جاتی رہی تھی اور کبھی ان کی زمینوں اور کبھی ان کے فش فارم کو بھی نقصان پہنچایا جاتا رہا تھا۔دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ کے سٹی یونٹ کے انچارج گلزار احمد مغیری کی المناک شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے گلزار احمد مغیری شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین

کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ گلزاراحمد مغیری شہید کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے نامعلوم افراد کی جانب سے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون قمبر سٹی یونٹ کے انچارج گلزار مغیری کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کے واقعہ کو کارکنان کو مشتعل کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ قتل میں ملوث عناصر کو سخت ترین سزا دی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض ایم کیوایم مخالف عناصر اندرون سندھ سمیت ملک بھر میں تیزی سے بڑھتی ہوئی ایم کیوایم کی مقبولیت سے شدید خوف زدہ ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ ایم کیوایم کو جدوجہد سے باز رکھنے اور کارکنان میں خوف وہراس پیدا کرنے کیلئے معصوم بے گناہ کارکنان کو قتل وغارت گیری کا نشانہ بنا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ قمبر سٹی کے یونٹ انچارج گلزاراحمد مغیری کا بہیمانہ قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد کارکنان کو نہ صرف ایم کیوایم کی جدوجہد سے باز رکھنا بلکہ انہیں مشتعل کر کے صوبہ کا امن خراب کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ کسی صورت صبر کا دامن ہاتھ نہ چھوڑیں اور ہرگز مشتعل نہ ہوں۔رابطہ کمیٹی نے گلزاراحمد مغیری کی المناک شہادت پر شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور شہید کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔رابطہ کمیٹی وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ قمبر شہدادکوٹ میں ایم کیوایم کے یونٹ انچارج گلزاراحمد مغیری کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث عناصر کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان اسٹیل ملز میں بیل آؤٹ پیکج میں بھرپور تعاون پر ایم کیوایم سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔17، جون 2010ء

جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان اسٹیل ملز نے ایم کیوایم کی جانب سے اسٹیل ملز میں بیل آؤٹ پیکج میں بھرپور تعاون پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا ہے اور اپنی کمیٹی کی جانب سے ایم کیوایم کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کی ہے۔اس سلسلے میں گذشتہ شب محنت کشوں پر مشتمل جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ایک نمائندہ وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج انور سلیم سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کی جانب سے اسٹیل ملز میں بیل آؤٹ پیکج میں مدد کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا۔جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے وفد میں پیپلز پارٹی کے چوہدری افضل، مسلم لیگ نواز کے چوہدری یٰسین اور جماعت اسلامی کے رانا حنیف سمیت یونائیٹڈ ورکرز کے کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ریاض شریف شامل تھے۔ملاقات نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں دونوں جانب سے پاکستان اسٹیل ملز محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے نظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر صدائے احتجاج بلند کرنے پر اتفاق کیا گیا اور آئندہ رابطوں پر زور دیا گیا۔

## سندھ کے عظیم دانشور محترم خاکی جویو کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش
## پاکستان خصوصاً سندھ کے عوام خاکی جویو کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں

لندن۔۔۔17، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ کے عظیم دانشور، ادیب اور شاعر محترم خاکی جویو کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے پاکستان اور خصوصاً سندھ کے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ سندھ کے عظیم دانشور محترم خاکی جویو کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی اور توصیف خانزادہ نے حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل (خالد عمر) کے ہمراہ جمعرات کی شب سندھ عظیم دانشور و شاعر محترم خاکی جویو کی کراچی کے مقامی اسپتال جا کر عیادت کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے اہلخانہ سے خیریت دریافت کی اور انہیں محترم خاکی جویو کیلئے گلدستہ بھی پیش کیا۔وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے محترم خاکی جویو کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی اور ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو ہدایت کی وہ محترم خاکی جویو کے علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کثر باقی نہ رکھیں۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ سندھ کے عظیم شاعر خاکی جویو کی حالت انتہائی تشویش ناک ہے اور وہ کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ A-103 کے کارکن محمد محفوظ کے والد صغیر احمد، ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 182 کے کارکن محمد سہیل سلطان کی والدہ محترمہ فہمیدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

☆☆☆☆☆